© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

○ سرِ عام ہاتھ کٹیں گے، دُرے لگیں گے، سنگساریاں ہوں گی۔ (ڈاکٹر باسط)۔

آپ اسی لئے بد حواس ہو رہے ہیں۔

○ مریدوں نے قلندر پیر کو اغوا کر کے داڑھی اور مونچھیں مونڈ ڈالیں۔ تعویذ نے کام نہیں دکھایا۔ (ایک خبر)

بندر کے بڑے بھائی قلندر کا یہی علاج ہے۔

○ میرٹ پر نہ آنے والی ڈاکٹر کی بیٹی کو کنگ ایڈورڈ میں داخلہ دے دیا گیا۔ (ایک خبر)

تعجب کی بات تب ہوتی جب میرٹ پر آنے والی ڈاکٹر کی بیٹی کو داخلہ نہ ملتا۔

○ دوسری شادی کی دھمکی پر بیوی شوہر کو مردانہ صفات سے محروم کر کے چلتی بنی۔ (ایک خبر)

دوسری شادی کے خواہش مند مرد خبردار رہیں۔

○ انٹی کرپشن والے کرپٹ افسروں کو پاک صاف قرار دے رہے ہیں۔ (ہائیکورٹ)

لے کے رشوت پھنس گیا ہے دے کے رشوت چھوٹ جا

○ "اوور ٹیک کرتے ہو" ایلیٹ فورس نے پجارو سوار کو بالوں سے پکڑ کر گھسیٹا۔ تھپڑوں اور مکوں کی بارش کر دی۔ (ایک خبر)

پجارو والے بھی اپنے مزارعوں کے ساتھ ایسا ہی کرتے ہیں۔

○ عوام کی محبت نے مجھے سیاست چھوڑنے سے روکا ہوا ہے۔ (بے نظیر)

شرم تم کو مگر نہیں آتی!

○ امن و امان کی صورتحال پچھلے سال سے اچھی ہے۔ (آئی جی پنجاب)

بلا تبصرہ!

○ علمائے حق شریعت بل کے ڈرامے پر چپ کیوں ہیں۔ (لغاری)

اپنے دور صدارت میں تو علمائے حق کبھی یاد نہیں آئے تھے۔

○ کلنٹن کے دور میں یو ایس اے کا مطلب؟ (ایک سوال)

یونائٹیڈ سیکس آف امریکہ

○ نیو ائیر نائٹ پر بھٹو۔ نصرت۔ کھر اور پیرزادہ ساری رات پیتے پلاتے رہے۔ (بگٹی)

اس قبیلے کا ہر پیر و جواں گستاخ ہے

○ عورتوں کو گھروں پر بٹھا دیا جائے گا (روبینہ طارق)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بہت کچھ بن کے بھی تو پھر وہی عورت کی عورت ہے

چراغِ خانہ ہی بن کر نباہ لیتی تو اچھا تھا!

○ جاہل عابدہ نے داڑھی کا مذاق اڑا کر سنت رسول ﷺ کی توہین کی۔ (علماء)

آکسفورڈ کے جنگل کی بندریا سے اور کیا توقع کی جا سکتی ہے۔

○ میں فتویٰ دیتا ہوں کہ شریعت بل کے لئے بارس ٹریڈنگ جائز ہے (مولانا سمیع الحق)

مولانا! آپ سؤر کو حلال کہہ رہے ہیں۔

○ سرکاری شریعت نافذ کرنے والوں نے نماز جمعہ بھی قضا کردی۔ (ترجمان پیپلز پارٹی)

آپ تو نمازِ عید والے ہیں، جس کی قضا بھی نہیں۔

○ شیو بڑھا کر عالم کہلانے والے خاندانی منصوبہ بندی کے مخالف ہیں۔ (عابدہ حسین)

صدر تارڑ صاحب! میاں شریف صاحب! ''مس منصوبہ بندی'' کو پٹہ ڈالیں۔

○ پاکستان کی امداد بحال نہ کی جائے اور شریعت بل روکا جائے۔ (پیپلز پارٹی کے دس ارکانِ اسمبلی کا صدر کلنٹن کو خط)

کلنٹن کے بیٹو، یاد رکھو...... ہر ستارہ اسامہ بن لادن بن کر چمکے گا

○ خبروں میں بے نظیر کے ہار کا بہت ذکر ہے۔ یار مجھے اس طرح کا سچ مچ کا ایک ہار اور لادو۔ (آصف زرداری)

کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی!

○ پاکستانی امیر لڑکیوں میں سگریٹ اور شراب نوشی کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ (عالمی ادارے کی رپورٹ)

قول سچا ہے جو بوئے گے سو کاٹو گے

○ متحدہ کے وفد کی ہمدرد فاؤنڈیشن آمد کے بعد حکیم سعید کے اہل خانہ نے چپ سادھ لی (ایک خبر)

اسی چپ میں قتل کی داستان مضمر ہے

○ پاکستان کے دینی مدرسے مجاہدین تیار کر رہے ہیں۔ ملک ملاؤں کے ہاتھ میں جا سکتا ہے۔ (بے نظیر)

ہاں! مُلّا کے ہاتھ میں آرہا ہے۔ اپنا بندوبست کرلو

○ ایک فیصد عیاش طبقہ شریعت کا مخالف ہے۔ (خالد انور)

حضرت عمرؓ کی طرح کوڑے مار مار کران کا بھر کس نکال دو۔

○ حکمرانوں اور بیورو کریسی نے موٹروے پر اربوں ڈکار لئے لیکن ریل سے ایک دہری نہیں بچھائی گئی۔ (سرفراز گل دراز)

ریل پر غریب سفر کرتے ہیں

○ ہائیڈروجن بم بھی بنانے کی صلاحیت حاصل کرلی ہے (ڈاکٹر قدیر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سڑدیاں نوں ساڑاں گے تے نت کڑھائی چاڑھاں گے!

- ڈسکہ کے قبرستان میں زوردار بم دھماکہ۔ (ایک خبر)

مرے کو مارے شاہ مدار

- نصیحت کرنے پر نافرمان شاگرد نے استاد پر گولی چلادی۔ (ایک خبر)

سرکار کی تعلیم کے شفاف نتائج!

- بہاولپور بورڈ کا ٹاپ کرنے والا امیدوار میڈیکل داخلہ ٹیسٹ میں فیل۔ (ایک خبر)

آج کل ٹاپ کرنے والے اسی ٹاپ کے ہوتے ہیں۔

- پارلیمانی لیڈر نے کہا نعوذ باللہ رسول اکرم ﷺ ڈکٹیٹر تھے۔ (نواز شریف)

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جمہوریت پسند کہنے والے بھی اتنے ہی مجرم ہیں۔

- بوسہ دکھانا، ذومعنی جملوں اور کیمرے کے غلط زاویوں کے استعمال سے بہتر ہے۔ (ثمینہ پیرزادہ)

منٹو تو یوں ہی بدنام ہے۔

- اکثر تھانوں کے انسپکٹر کرپٹ ہیں۔ (شہباز شریف)

پچاس سال سے یہی سنتے آرہے ہیں۔

- پاکستان میں امریکہ والی شریعت نافذ کریں گے (عمران خان)

ساون کے اندھے کو ہرا ہی سوجھتا ہے۔ لعنت ہے اس سوجھ پر

- ہم جلد حکومت کی تاریخ لکھنے والے ہیں۔ (زرداری)

فی الحال تو آپ کی تاریخیں پڑ رہی ہیں۔

- قائداعظم نے کبھی نظریۂ پاکستان کا ذکر نہیں کیا۔ (اصغر خان)

مسلم لیگ جواب دے!

- پیاز پینتیس روپے کلو بک گیا۔ (ایک خبر)

میں نے کہا وصل وہ وصل سمجھا
بھیج دیئے یار نے پیاز کے بورے بھر کر


ردِّ مرزائیت میں اہم کتاب **کذباتِ مرزا**

تالیف: مولانا عبدالواحد مخدوم

ایک سو جھوٹ اور متعدد جھوٹی پیش گوئیاں

(صفحات: 380 قیمت:=/200)

بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان، فون: 511961


© rasailojaraid.com